
# سبق 14



# ہماری گائے

رب کا شکر ادا کر بھائی
جس نے ہماری گائے بنائی

خاک کو اس نے سبزہ بنایا
سبزے کو پھر گائے نے کھایا

کل جو گھاس چری تھی بن میں
دودھ بنی ہے اس کے تھن میں

دودھ دہی اور میٹّھا مَسکا
دے نہ خدا تو کس کے بس کا

گائے کو دی کیا اچھی صورت
خوبی کی ہے گویا مورت

دانا دُنکا بھوسی چوکر
کھا لیتی ہے سب خوش ہو کر

کیا ہی غریب اور کیسی پیاری
صبح ہوئی جنگل کو سدھاری

دوری میں جو دن ہے کاٹا
بچے کو کس پیار سے چاٹا

بچھڑے اس کے بیل بنائے
جو کھیتی کے کام میں آئے

رب کی حمد و ثنا کر بھائی
جس نے ہماری گائے بنائی

---

تدریسی اشارے:۔ نظم کو ترنم سے پڑھنے کی صلاحیت بڑھانا۔ گائے اور دوسرے جانوروں سے ہونے والے فائدے بتانا۔ کھیتی میں کام آنے والے جانوروں کی پہچان کرانا۔ گائے کے دودھ سے بننے والی چیزوں کے نام بتانا۔ پہلی کلاس میں پڑھی ہوئی نظم ''دھمک دھمک آتا ہاتھی'' دہرانا اور اس کی مشق کروانا۔

## مشق اور سوالات

1۔ الفاظ کے معنی۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| رب | خدا، پالنے والا | گویا | جیسے کہ |
| خاک | مٹی | غریب | سیدھی سادھی |
| سبزہ | گھاس | حمد | خدا کی تعریف |
| خوبی | اچھائی | ثنا | تعریف |

2۔ ملا کر لکھیے:۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| س+ب+ز+ہ | ☐ | غ+ر+ی+ب | ☐ |
| د+ا+ن+ا | ☐ | ب+ے+ل | ☐ |
| ب+چھ+ڑ+ا | ☐ | ص+و+ر+ت | ☐ |
| ا+چھ+چھ+ی | ☐ | ص+ب+ح | ☐ |
| کھ +ے+ت+ی | ☐ | گ+ا+ئے | ☐ |

3۔ گائے سے چھوٹے جانوروں کے نام پر دائرہ لگائیے۔

بکری | کتا | ہاتھی | لومڑی

4۔ گائے کس رنگ کی ہوتی ہے۔صحیح پر نشان لگائیے۔

صرف سفید | صرف کالی | کئی رنگوں کی

5۔ گائے سے اونچے جانوروں کے نام پر گولا بنائیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| خرگوش | اونٹ | شیر | چیتا |

6۔ گائے کے بچے کو کیا کہتے ہیں؟

| | | |
|---|---|---|
| بچھڑا | بیل | چوزہ |

7۔ گائے کے دودھ سے کیا کیا بن سکتا ہے؟

مکھن ............ ............ ............ ............ ............

8۔ نیچے لکھے جانور کیا کیا کھاتے ہیں؟

| | | |
|---|---|---|
| گائے: | گھاس | بھوسا |
| بکری: | پتیاں | کھلی |
| اونٹ: | پتیاں | ............ |
| کتا: | گوشت | دودھ |
| بلّی: | دودھ | چوہا |

9۔ نئے الفاظ:

شکر، سبزہ، گھاس، بھوسی، چارا، چوکیدار، حمد، ثنا، بچھڑا، صورت، خاک، غریب

10۔ بورڈ پر عنوان ''گائے''، لکھیں اس کے نیچے یہ الفاظ لکھیں:۔

پالتو جانور، ٹانگیں، دم، سینگ، گھاس، دودھ، دہی، گوبر، کھاد۔

اوپر لکھے لفظوں کی مدد سے بچوں سے گائے پر چار پانچ جملے لکھوائیں۔

11۔ گائے کے بچے کو بچھڑا کہتے ہیں تو اِن کے بچوں کو کیا کہتے ہیں؟

مرغی: ........................

بکری: ........................

بھینس: ........................

کتا: ........................

